# 1199 ـ كيا جسم پرگدوانا حج كى ادائيگي ميں مانع ہے

## سوال

جسم پرگدوانے كاحكم كيا ہے ، اورجب كوئي گدوانے والا شخص حج كرنے كا ارادہ كرے توكيا يہ فريضہ حج ميں مانع ہوگا ؟

## پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

جسم ميں گدوانا حرام ہے كيونكہ نبى صلى اللہ عليہ وسلم سے ثابت ہے كہ آپ نے بال ملوانے اورملانے ، اورگودنے اورگدوانے والى عورت پر لعنت فرمائي ـ

اوروشم يعنى گدوانايہ ہے كہ رخسار يا ہونٹ يا جسم كے كسى دوسرے حصہ كوسبزيا نيلے يا سياہ رنگ سے تبديل كيا جائے ، اورگدوانا حج كى ادائيگي ميں مانع نہيں ہے .